ایجرٹن روڈ: خواجہ سراؤں کا مانگنے پر گرفتاریوں کیخلاف احتجاج

صوبائی وزیر انسانی حقوق کے مذاکرات، مطالبات کے حل کیلئے یقین دہانی پر منتشر

لاہور (خبر نگار) خواجہ سراؤں نے مانگنے پر گرفتاریوں کے خلاف ایجرٹن روڈ پر احتجاج کیا، انہوں نے مطالبہ کیا کہ جب تک انہیں ملازمتیں نہیں ملتیں انہیں مانگنے کا حق دیا جائے۔ صوبائی وزیر انسانی حقوق اعجاز عالم آگسٹین اظہار یکجہتی کے لئے پہنچے۔ کامیاب مذاکرات کے بعد خواجہ سراؤں نے احتجاج ختم کر دیا۔ متاثرین نے صوبائی وزیر کو اپنے مطالبات پیش کیے۔ صوبائی وزیر نے کہا کہ تحریک انصاف کے دور حکومت میں خواجہ سراء کمیونٹی کا تحفظ یقینی بنا رہے ہیں۔ آپ کے لیے نوکریوں کا بھی بندوبست کر رہے ہیں۔ صوبائی وزیر نے کمیونٹی کو یقین دہانی کرائی کہ پولیس کو پابند کیا جائے گا کہ انہیں تنگ نہ کیا جائے بعد ازاں پر امن طور پر منتشر ہو گئے۔